© rasailojaraid.com

...وی عبدالصمد صاحب نے اس کے جواب میں "مشرقی کا مذہب" لکھ کر یہ بتایا ہے کہ خود مشرقی کے مذہبی خیالات ...یں؟ اور اُس کے دینی عقائد کی کیا حقیقت ہے؟ یہ رسالہ گویا ایک آئینہ ہے جسے دیکھ کر اگر مشرقی صاحب ...سامنے کر رہ جائیں تو بعید نہیں۔

...رل مارکس:- از باری صاحب علیگ تقطیع خورد ضخامت ۸۰ صفحات کتابت طباعت اور کاغذ بہتر۔ ...ت ۶ر ملنے کا پتہ:- مکتبہ اُردو لاہور۔

کارل مارکس ایک زبردست انقلابی تحریک کے لیڈر کی حیثیت سے اچھی طرح روشناس ہے۔ اس ...ب میں اُسی کی سوانح عمری اور اُس کے خیالات پر عقیدتمندانہ انداز میں بحث کی گئی ہے۔ کتاب کے ابتدائی ...ب میں مارکس کے ذاتی حالات کا بیان ہے، اور دوسرے حصہ میں اُس کی تعلیمات اور معاشی واقتصادی ...اح سے متعلق اُس کے ذاتی خیالات کا ذکر ہے۔ مارکس کے حالات کے ضمن میں ہیگل اور مارکس کے ساتھیوں ...فریڈرک اینگلز وغیرہ کا بھی تذکرہ ہے۔ کتاب کا افادہ عام کرنے کے لئے باری صاحب نے یہ جدت کی ہے ...اب کے آخر میں اُنھوں نے انگریزی اور اُردو الفاظ کی ایک فرہنگ درج کی ہے۔ جس سے فلسفیانہ اور ...ی واقتصادی اصطلاحات کے سمجھنے میں آسانی ہو جاتی ہے۔ دوسری کتابوں کی طرح اس کتاب میں بھی ...صاحب کا انقلابی انداز تحریر اور زور بیان بدرجہ اتم موجود ہے۔

...شلزم:- از جناب باری صاحب علیگ۔ تقطیع خورد ضخامت ۴۲ صفحات۔ کتابت طباعت عمدہ ...۶ر ملنے کا پتہ:- مکتبہ اُردو لاہور۔

سوشلزم کے فکری اور عملی دونوں پہلوؤں پر کارل مارکس کے مخلص دوست اور رفیق کار فریڈرک اینگلز ...ک کتاب جرمن زبان میں لکھی تھی زیر تبصرہ کتاب اسی کتاب کے انگریزی ترجمہ کا اردو ترجمہ ہے مصنف

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کتاب نے اس میں پہلے اس سے بحث کی ہے کہ اٹھارہویں صدی میں کس طرح جاگیر دارانہ نظام کے خلاف فرانس میں انقلاب پیدا ہوا۔ اور پھر سرمایہ دارانہ سسٹم کے قائم ہو جانے کی وجہ سے کس طرح فرانس اور جرمنی کے اجتماعی مفکروں اور ادیبوں نے اپنی تصنیفات کے ذریعہ ایک اور نئے اور عظیم الشان انقلاب کی بنیاد رکھی۔ اس سلسلہ میں مزدوروں اور سرمایہ داروں کی طبقاتی کشمکش کے علل واسباب کا تجزیہ کر کے یہ بتایا ہو کہ سوشلسٹ نظام کیا چاہتا ہے اور اُس نے طبقاتی تقسیم کو رد کر کے عام اجتماعی مساوات پیدا کرنے کے لئے کس پروگرام کو اپنا نصب العین بنایا ہے۔ کتاب مفید اور پُر از معلومات ہے۔ ترجمہ صاف، سلیس اور رواں ہے۔ اگر بعض اصطلاحات کی تشریح بھی کر دی جاتی تو بہتر ہوتا۔

سرکارِ مدینہ کی زبان

صرف چھ مہینے میں سیکھ لیجیے

عصر حاضر کی معرکۃ الآرا تصنیف کلامِ عربی ایسے انقلاب انگیز تعلیمی اصول پر لکھی گئی ہے کہ آپ بآسانی بغیر اُستاد کی مدد کے، بغیر رٹے، ایک گھنٹہ روزانہ اس کا مطالعہ کر کے، صرف چھ مہینے میں اتنی عربی زبان سیکھ سکتے ہیں کہ قرآن وحدیث کو سمجھ سکیں، عربی اخبارات ورسائل کو پڑھ سکیں اور حسب ضرورت عربی زبان میں گفتگو اور خط وکتابت کر سکیں اس کتاب کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ قواعد، زبان، ترجمہ دانشا اور جدید وقدیم لغت سب کچھ ایک ہی کتاب میں موجود ہے۔ کتابت وطباعت وکاغذ عمدہ تقطیع متوسط صفحات (ہر دو حصہ) ۲۱۶۔ قیمت ایک روپیہ چار آنے۔

ملنے کا پتہ

"مکتبۂ برہان" قرول باغ۔ نئی دہلی

© rasailojaraid.com